18/01/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینشیخ عمر مختار

ہوا بازی

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے اِنڈگوائر لانز پر22کروڑ20لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس ائر لائنز کی طرف سے گذشتہ ماہ کئی پروازیں منسوخ اور متعدد پروازوں میں تاخیر کا ارتکاب ہوا تھا۔

تفصیلات کے مطابق3اور5دسمبر کو 25سو 7 پروازیں منسوخ ہوئی تھیں،جبکہ18سو52پروازیں تاخیر کا شکار ہوئی تھیں، جس کے نتیجے میں لاکھوں مسافر مختلف ہوائی اڈوں پر درماندہ ہو کر رہ گئے تھے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل کود کو تعلیم اور زندگی کے ساتھ جوڑا جانا چاہئے تاکہ نوجوانوں کی شخصیات میں نکھار آنے کے ساتھ ساتھ یہ ملک کی ترقی کا بھی ذریعہ بن سکے۔

جموں میں قومی سطح کی دو روزہ سپورٹس کانفرنس کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ یہ کانفرنس جموں کشمیر میں کھیل کود کے نظام کو مزید مستحکم کرنے ، قومی سپورٹس پالیسی 2025کی موثر عمل آوری نیز مستقبل کے تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کو ایک نئی سمت دلانے میں مدد گار ثابت ہوگی۔

........(LG)....Byte...........

ملاقاتLG

اسی دوران لوک بھون جموں مینیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ کئی اہم شخصیات اور وفود نے ملاقات کی۔

ملاقات کرنے والوں میں وینا کول کی قیادت میں جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے قومی اور یوٹی سطح کے ایوارڈ یافتہ اسا تذہ کا ایک وفد// اور بی جے پی کے سینئر لیڈر رویندر رینہ شامل ہیں۔

اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے صفائی ستھرائی کو بنائے رکھنے کےلئے گھر گھر سے کچرہ جمع کرنے کے عمل کو مستحکم کرنے اور ساتھ ہی سوچھ بھارت مشن گرامین کے اثاثوں کے بہتر رکھ رکھاؤ کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وہ ضلع راجوری میں محکمے کی ترقیاتی سکیموں پر عمل آوری کا جائزہ لے رہے تھے۔ اس نریگا (موجودہ جی رام جی)کے تحت11لاکھ MGموقعے پر بتایا گیا کہ ضلع راجوری کےلئے اضافی ایام کار منظور کئے گئے ہیں۔

بھدرواہ

محکمہ سیاحت ، ضلع انتظامیہ ڈوڈہ اور بھدرواہ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے باہمی اشتراک سے گُلدانہ بھدرواہ میں2روزہ ونٹرکارنیول شروع ہو گیا ہے۔

اس کارنیول کے دوران مختلف طرح کی تمدنی، ثقافتی اور تفریحی سرگرمیاں منعقد کی جاتی ہیں۔

رسم رونمائی

سیگل ہال KLدریں اثناءجمونو کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لنگویجز جموں کی طرف سے میں منعقدہ ایک ادبی تقریب کے دوران شرنجیت کور ساندھو کے پنجابی افسانوی مجموعے” قدما دیں نشاں“ کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر سماج کو رشوت خوری کی بدعت سے پاک کرنے نیز راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام اقدامات کر رہا ہے ۔تاہم بیورو نے اس ناسور کا قلع قمع کرنے کیلئے عوام کا بھر پور تعاون طلب کیا ہے ۔

نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رشوت طلب کئے جانے کے کسی بھی معاملے کوبیورو ACB جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے کہا۔ACB کی نوٹس میں لائیں۔اس ضمن میں

............Byte........

تعزیت

ڈائریکٹر انفارمیشن نتیش راجورا نے محکمے سے تعلق رکھنے والے ایک سابق آفیسر ٹھاکر سنگھ کے فوت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

محکمے کے ملازمین نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی ظاہر کی ہے۔

NTA

کے پہلے سیشن کے امتحان کےلئے ایڈمٹ کارڈ JEE (Main)قومی ٹیسٹنگ ایجنسی نے2026کے جاری کئے ہیں۔

کے B-Tech یا BE جو امید وار اس مہینے کی21سے 24تاریخ کے درمیان ہونے والے پرچہ

سے www.jeemain.nta.nic.in //کی ویب سائٹNTAاول میں شامل ہونے والے ہیں ، وہ غ اپنے ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4اعشاریہ 7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....